# ہماری بسوں کا کنٹرول واپس لینے کے بارے میں اپنی رائے پیش کریں



## عوامی مشاورت اب کھلی ہوئی ہے۔

southyorkshire-ca.gov.uk/bus-reform میں حصہ لیں

SOUTH YORKSHIRE
SYMCA
MAYORAL COMBINED AUTHORITY

سروے کے لئے اسکین کریں

# جنوبی یارکشائر میں بسوں کا موجودہ نظام

بسیں جنوبی یارکشائر میں عوامی نقل و حمل کا سب سے زیادہ استعمال ہونے والا ذریعہ ہے۔

1986 کے بعد سے اس علاقے میں بسوں کی خدمات کا ضابطہ ہٹا دیا گیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ نجی بس آپریٹرز روٹ، ٹائم ٹیبل، خدمات کے معیارات، کرایوں اور ٹکٹوں کے تعین کے ذمہ دار ہیں۔

بسوں کی خدمات زیادہ تر تجارتی طور پر چلائی جاتی ہیں جس میں نجی آپریٹرز کو منافع کمانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ بس کمپنیوں کی آمدنی مسافروں کے کرایوں، عوامی سبسڈی اور اشتہارات سمیت دیگر ذرائع سے آتی ہے۔

جنوبی یارکشائر میں کچھ بسوں کی خدمات کو ہماری، یعنی جنوبی یارکشائر میئرل کمبائنڈ اتھارٹی طرف سے مالی اعانت کی ضرورت ہے، جیسے شام اور اختتام ہفتہ کی خدمات جن میں منافع نہیں ہوتا لیکن یہ ان برادریوں کے لئے اہم ہیں جن کو وہ خدمت فراہم کرتے ہیں۔ ہم بسوں کی خدمات کے لئے سبسڈی کی مد میں سالانہ تقریبا 24 ملین پاؤنڈ ادا کرتے ہیں۔

اس وقت اس علاقے میں 23 بس کمپنیاں کام کر رہی ہیں اور 100 سے زیادہ قسم کے ٹکٹ دستیاب ہیں، جو مسافروں کے لئے الجھن کا باعث بن سکتے ہیں۔ ایک سروے میں 60 فیصد سے زیادہ جواب دہندگان نے کہا کہ وہ جنوبی یارکشائر میں بسوں کی خدمات کی بھروسہ مندی سے غیر مطمئن یا بہت غیر مطمئن تھے، تقریباً 5 میں سے 1 بس تاخیر سے پہنچتی تھی۔

حالیہ برسوں میں بس نیٹ ورک میں نمایاں کٹوتی ہوئی ہے۔ 2007 میں جنوبی یارکشائر میں بس نیٹ ورک 43 ملین میل کام کرتا تھا لیکن اب یہ آدھے سے کم رہ گیا ہے۔

**جنوبی یارکشائر کے لئے بسوں کے نئے نظام کے لئے تجاویز**


ہمیں یقین نہیں ہے کہ موجودہ نظام مسافروں کے لئے کام کر رہا ہے اور ہمارے پاس جنوبی یارکشائر میں بسیں چلانے کے طریقے کو تبدیل کرنے کے اختیارات ہیں۔ ہم نے ایک جائزہ لیا اور آزادانہ نظر ثانی کی جس میں دستیاب مختلف اختیارات کو دیکھا گیا اور اس جائزے سے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ "بس فرنچائزنگ" کے نام سے جانا جانے والا ایک نیا ماڈل ہماری حکمت عملی کے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے بہترین آپشن ہے۔

ہم اتفاق کرتے ہیں کہ ہمیں بسوں کا کنٹرول واپس لینا چاہیے اور ہم فرنچائزنگ آپشن کے ساتھ پیشرفت کرنا چاہتے ہیں۔

یہ ماڈل لندن میں کئی سالوں سے موجود ہے، گریٹر مانچسٹر میں اپنایا گیا ہے اور دیگر علاقوں کے علاوہ مغربی یارکشائر اور مرسی سائیڈ میں اس پر پیش رفت کی جارہی ہے۔

حکومت نے بس فرنچائزنگ متعارف کرانے سے پہلے متعدد اقدامات طے کیے ہیں جن پر ہمیں عمل کرنا ہو گا۔ اگلا قدم یہ ہے کہ مجوزہ بس فرنچائزنگ آپشن پر اس 12 ہفتوں کی عوامی مشاورت کو انجام دیا جائے

تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ آیا تجاویز کے لیے حمایت موجود ہے۔



بس فرنچائزنگ کی مشاورت 15 جنوری 2025 کو بند ہو جائے گی

**southyorkshire-ca.gov.uk/bus-reform** میں حصہ لیں

# بس فرنچائزنگ - اپنی بسوں کا کنٹرول واپس لے رہے ہیں

ہم جنوبی یارکشائر میں بسیں چلانے کا ایک نیا طریقہ تجویز کر رہے ہیں جسے بس فرنچائزنگ کہا جاتا ہے۔

اس اختیارکے تحت ہم ڈپو اور بس فلیٹ کے مالک بن کر بسوں کو چلانے کے طریقہ کار کا کنٹرول سنبھالیں گے۔ اس کا مطلب ہے کہ بسیں عوامی کنٹرول میں واپس آ جائیں گی۔

اس سے ہمیں درج ذیل فیصلے کرنے کا اختیار مل جائے گا:

**بسیں کون سے راستے اختیار کرتی ہیں**

**وہ کس وقت چلتی ہیں**

**خدمت کا معیار**

**ٹکٹوں کے کتنے اختیارات دستیاب ہیں**

**کرایوں کی قیمت کیا ہو گی**

**بس نیٹ ورک کی بھروسہ مندی کو کیسے بہتر بنائیں**

**بسیں، ٹرام اور ٹرینیں ایک دوسرے سے کیسے جڑ سکتی ہیں**


ایک عوامی ادارے کی حیثیت سے، ہم عوام کے لئے نظام کو بہتر بنانے کی خاطر ہر منافع کی دوبارہ سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔

اسی طرح، اگر لاگت کرایوں کی آمدنی سے زیادہ ہوتی ہے تو ہم کسی بھی آمدنی کی کمی کے ذمہ دار ہوں گے۔

نجی آپریٹرز بسوں کی خدمات انجام دینے کے معاہدوں کے لئے بولی لگائیں گے اور اچھے معیار، وقت کی پابندی اور قابل اعتماد خدمات انجام دینےکے ذمہ دار ہوں گے۔

مشاورتی دستاویز تجاویز پر مزید تفصیلات فراہم کرتی ہے۔

تحتوي وثيقة التشاور على مزيد من المعلومات عن المقترحات.




بس فرنچائزنگ کی مشاورت 15 جنوری 2025 کو بند ہو جائے گی

**southyorkshire-ca.gov.uk/bus-reform** میں حصہ لیں

# ہماری بسوں کا کنٹرول واپس لینے کے بارے میں اپنی رائے کیسے پیش کی جائے

اگر آپ شامل ہونا چاہتے ہیں اور ہمیں بس فرنچائزنگ مشاورت میں تجاویز کے بارے میں اپنے خیالات بتانا چاہتے ہیں تو آپ مکمل مشاورت یا اس کا خلاصہ پڑھ سکتے ہیں اور مختصر یا طویل سوالنامے کا جواب دے سکتے ہیں۔ تمام معلومات یہاں دستیاب ہیں: **southyorkshire-ca.gov.uk/bus-reform**

**مشاورت کا جواب دینے کی آخری تاریخ 15 جنوری 2025 کو رات 11.59 بجے تک ہے۔**

## کون حصہ لے سکتا ہے؟

مشاورت عوام کے تمام ارکان اور کاروباری اداروں اور تنظیموں کے لئے کھلی ہے۔ حصہ لینے کے لئے آپ کو جنوبی یارکشائر میں موجود یا رہائش پذیر ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

## آپ کس طرح حصہ لے سکتے ہیں

ایک مختصر سروے اور ایک طویل سوالنامہ ہے۔ آپ ان میں سے کسی کا بھی جواب دے سکتے ہیں، اور آپ کو تمام سوالات کے جوابات دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

# عوامی معلوماتی ڈراپ اِن-ایونٹس

پورے جنوبی یارکشائر میں ڈراپ اِن-ایونٹس کا ایک سلسلہ واقع ہو گا۔ آئیں اور ہم سے بس فرنچائزنگ مشاورت کے بارے میں بات کریں اور ہم سے سوال پوچھیں۔
آپ یہاں تقاریب کے بارے میں مزید دریافت کر سکتے ہیں: **southyorkshire-ca.gov.uk/bus-reform**




سروے کے لئے اسکین کریں

میں حصہ لیں

**southyorkshire-ca.gov.uk/bus-reform**

SOUTH YORKSHIRE
SYMCA
MAYORAL COMBINED AUTHORITY

44158_1024